© rasailojaraid.com



# رسائل و مسائل

## کنیز کی تعریف اور اُس کے حلال ہونے کی دلیل

سوال۔ قرآن نے کنیز کی کیا تعریف بیان کی ہے؟ اور کنیز کے بلا نکاح حلال ہونے کی دلیل کیا ہے؟

جواب۔ قرآن میں کنیز کی تعریف یہ کی گئی ہے کہ "وہ عورت جو زور بازو سے حاصل ہو" اور چونکہ قرآن زور بازو کے استعمال کو صرف قتال فی سبیل اللہ تک محدود رکھتا ہے اس لیے قرآن کی تعریف کی رُو سے کنیز صرف وہ عورت ہے جو راہِ خدا کی جنگ میں گرفتار ہو کر مسلمانوں کے ہاتھ آئے۔

یہ تعریف اور ایسی عورت کے حلال ہونے کی دلیل اس آیت میں ہم کو ملتی ہے:۔ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ .... وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ (حرام کی گئیں تمہارے لیے تمہاری مائیں .... اور وہ عورتیں جو شادی شدہ ہوں ماسوا اُن عورتوں کے جن کے مالک ہوئے تمہارے سیدھے ہاتھ)۔ سیدھا ہاتھ عربی میں قدرت، غلبہ و قہر اور زورِ بازو کے مفہوم میں بولا جاتا ہے۔ یہ بجائے خود کنیز کی مذکورۂ بالا تعریف کے حق میں کافی دلیل ہے۔ پھر اس پر مزید دلیل یہ ہے کہ وہ شادی شدہ عورت جس کو اس آیت میں حرمت کے حکم سے

### (بقیہ مسئلہ متعہ)

قواعد کی رُو سے مذکورۂ بالا تصریحات کی بنا پر نہ اس کی تکفیر جائز ہو گی نہ تضلیل! ہاں اگر فاسد نیت سے فاسد اغراض کے لیے، یا اجماعی حکم کا استخفاف اور تمسخر کرتے ہوئے جواز کا فتویٰ دے دے تو ایسا عالم اس کا مستحق ہو گا کہ اس پر ضال کا حکم لگایا جائے، یا استخفاف اور استہزاء کی وجہ سے اس کی تکفیر کی جائے۔ کیونکہ احکام شرعیہ کا استہزاء کفر ہے۔ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ الآیہ۔ فقط واللہ اعلم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے بہرحال وہ عورت تو نہیں ہو سکتی جس کا نکاح دارالاسلام میں ہوا ہو، کیونکہ آیت کا سیاق خود بتا رہا ہے کہ وہ اُن محصنات میں شامل ہے جو حُرِّمَتْ عَلَیْکُمْ کے تحت آتی ہیں۔ اس لیے لامحالہ اِلَّا مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ سے مراد وہی شادی شدہ عورتیں ہونگی جن کے نکاح دارالحرب میں ہوئے ہوں اور پھر وہ جنگ میں گرفتار ہو کر آئی ہوں۔

رہی اُن کے بلا نکاح حلال ہونے کی دلیل، تو وہ یہ ہے کہ اوّل تو مذکورہ بالا آیت میں جن شادی شدہ عورتوں کو حرام کیا گیا ہے اُن سے وہ عورتیں مستثنیٰ کر دی گئی ہیں جو جنگ میں گرفتار ہو کر آئی ہوں، پھر اس کے بعد فرمایا وَاُحِلَّ لَکُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِکُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِکُمْ مُّحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسَافِحِیْنَ (اور حلال کیا گیا تمہارے لیے اُن کے سوا دوسری عورتوں کو اس طور پر کہ تم ان کو اپنے اموال کے بدلے حاصل کرو قید نکاح میں لانے والے بن کر، نہ کہ آزاد شہوت رانی کرنے ہوئے)۔ اس سے صاف معلوم ہوا کہ ملکِ یمین میں آئی ہوئی عورتوں کو مہر دے کر نکاح میں لانے کی ضرورت نہیں ہے، وہ اس کے بغیر ہی حلال ہیں۔

اسی معنی پر یہ آیت بھی دلالت کرتی ہے:۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ․ ․ ․ ․ وَالَّذِیْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ اِلَّا عَلٰۤى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَیْرُ مَلُوْمِیْنَ (فلاح پائی ایمان لانے والوں نے جو اپنی نماز میں خشوع برتتے ہیں ․ ․ ․ ․ اور جو اپنی شرمگاہوں کو محفوظ رکھتے ہیں سوائے اپنی بیویوں یا اپنی لونڈیوں کے، کیونکہ (بیویوں اور لونڈیوں سے محفوظ نہ رکھنے پر) وہ قابلِ ملامت نہیں ہیں)۔

اس آیت میں اہلِ ایمان کے لیے دو قسم کی عورتوں سے تعلق شہوانی کو جائز ٹھیرایا گیا ہے۔ ایک اُن کی ازواج۔ دوسرے مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُهُمْ۔ ازواج سے مراد تو ظاہر ہے کہ منکوحہ بیویاں ہیں۔ اب اگر مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُهُمْ بھی منکوحہ بیویاں ہی ہوں تو ان کا ازواج سے الگ ذکر سراسر فضول ٹھیرتا ہے۔ لامحالہ اس سے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ اُن سے محض ملکِ یمین کی بنا پر تمتع جائز ہے۔

---

© rasailojaraid.com